

PRATHAM BOOKS
A Book in Every Child's Hand

پڑھنے کا معیار ۲

# ویرو نے سرکس دیکھا

**Author:** Richa Ingle Deo
**Illustrator:** Reshma Barve
**Translator:** Shahid Anwar



دادااباّ اور دادی اماں ویرو کو 'جمبو - بمبو سرکس' دکھانے لے گئے۔

"بہت مزہ آئے گا!" ویرو نے ان سے کہا۔ تنی ہوئی رسی پر چلنے والا نٹ، قلاباز، ہوا میں گینداچھالنے والے کرتب باز اور لال لال ناک والا مسخرہ۔ ان سب کو دیکھ کر ویرو بہت خوش ہوا۔

اس کے منہ سے بار بار یہی نکلتا، "شاباش! بہت خوب!!"



اس رات ویرو نے خواب میں دیکھا کہ اس کا اپنا ایک سرکس ہے۔ صبح میں اس نے امی، ابّو، دادا ابّو اور دادی اماں سبھی کو 'ویرو سرکس' دیکھنے کی دعوت دے ڈالی۔ ویرو نٹ تنی ہوئی رسی پر چلنے والا تھا۔

'یہ خطرناک ہے ویرو! تم گر بھی سکتے ہوں!" امی نے آگاہ کیا۔



اس لیےویرو نٹ نے رسّی اوپر ٹانگنے کے بجائے زمین پر بچھا دی اور اس پر سنبھل سنبھل کر چلنے لگا۔ اس کنارے سے اس کنارے۔ سبھی تالیاں بجانے لگے۔

"شکریہ! ویرونے جھک جھک کر داد وصول کی۔



ویرو قلاباز نے سوچا کہ اب آگ کے چھلّے سے آرپار ہوا جائے۔

ابو نے ٹوک دیا، "یہ کھیل خطرناک ہے ویرو! تم جل بھی سکتے ہو۔"

اس لیے ویرو قلاباز نے ربر کا چھلّا لیااور اس کے اندر باہر کودنے لگا۔ سبھی تالیاں بجانے لگے۔

"شکریہ! شکریہ!"ویرو نے جھک جھک کر داد وصول کی۔



ویروکرتب باز کا ارادہ ہوا کہ چھ گیندیں لی جائیں اور انہیں ہوا میں اچھالا جائے،

"یہ کھیل خطرناک ہے ویرو! گیندیں تمہارے سر پر بھی گر سکتی ہیں۔" اس مرتبہ

دادا ابو بولے۔

اس لیے ویرو کرتب باز نے صرف ایک لڈو لیا، خوب بڑا سا اوراسے ہوا میں

اچھال دیا۔ لڈو سیدھے اس کے منہ میں آکر گرا۔ سبھی تالیاں بجانے لگے۔

جلدی جلدی منھ چلاتے ہوئے ویرو بڑی مشکل سے بول پایا، "ش ...... ش

...... ک ...... ر ...... یہ!"



رنگ‌ماسٹر ویرو کو تماشہ دکھانے کے لیے پنجرہ میں قید شیر کی ضرورت محسوس ہوئی۔ اس نے کسی کتاب میں سرکس کے شیر کی تصویریں دیکھ رکھی تھیں۔ "تماشہ دکھانے کے لیے کسی جنگلی جانور کا استعمال کرنا اچھی بات نہیں۔ جانور ناراض ہوسکتے ہیں۔" دادی اماں نے کہا۔

اس لیے رنگ ماسٹر ویرو نے اپنے پالتو کتّے بوزو کی جانب دیکھا اور اس سے ہاتھ ملانے لگا۔

"بہت بہت شکریہ بوزو!" اس نے گرمجوشی سے کہا۔



سرخ سرخ ناک والے ویرو جوکر نے زور سے اپنے پینڈے ہلائے۔



'ہات تری کی!' اس کی تو پینٹ ہی سرک گئی۔

سب ہنسنے لگے۔



دادی اماں نے کہا، "تم نے غضب ڈھادیا ویرو!"

امی، ابّو، دادا ابّا اور دادی اماں سبھی ایک ساتھ بول پڑے،

"کمال کا سرکس تھا!!"

PRATHAM BOOKS storyweaver

This book was made possible by Pratham Books' StoryWeaver platform. Content under Creative Commons licenses can be downloaded, translated and can even be used to create new stories - provided you give appropriate credit, and indicate if changes were made. To know more about this, and the full terms of use and attribution, please visit the following link.

## Story Attribution:

This story: ویرو نے سرکس دیکھا is translated by Shahid Anwar . The © for this translation lies with Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'Veeru Goes to the Circus', by Richa Ingle Deo . © Pratham Books , 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

## Other Credits:

'Veeru Ne Circus Dekha' has been published on StoryWeaver by Pratham Books. The development of this book has been supported by Parag (Promoting Innovative Publishing in Education), an initiative of Tata Trusts. www.prathambooks.org

## Images Attributions:

Cover page: Boy playing with a hoop, by Reshma Barve © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: People at a circus, by Reshma Barve © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: Boy dreaming of circus, by Reshma Barve © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: Boy walking on a tightrope and people watching, by Reshma Barve © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: Boy holding a ring and people watching, by Reshma Barve © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: Boy looking at a laddoo, by Reshma Barve © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: Boy shaking hands with a dog , by Reshma Barve © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: Happy clown boy, by Reshma Barve © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: Boy entertaining family, by Reshma Barve © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 10: Boy hugging old woman, by Reshma Barve © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Disclaimer: https://www.storyweaver.org.in/terms_and_conditions

Some rights reserved. This book is CC-BY-4.0 licensed. You can copy, modify, distribute and perform the work, even for commercial purposes, all without asking permission. For full terms of use and attribution, http://creativecommons.org/licenses/by/4.0/

parag
AN INITIATIVE OF TATA TRUSTS

The development of this book has been supported by Parag (Promoting Innovative Publishing in Education), an initiative of Tata Trusts.

# ویرو نے سرکس دیکھا

(Urdu)

ویرو جب 'جمبو-بمبو سرکس' دیکھ کر لوٹا تو اس کے دماغ میں طرح طرح کے خیالات مچل رہے تھے۔ آگے کیا ہوا، یہ جاننے کے لیے اس کتاب کو پڑھیں۔

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.

PRATHAM BOOKS
storyweaver

Pratham Books goes digital to weave a whole new chapter in the realm of multilingual children's stories. Knitting together children, authors, illustrators and publishers. Folding in teachers, and translators. To create a rich fabric of openly licensed multilingual stories for the children of India and the world. Our unique online platform, StoryWeaver, is a playground where children, parents, teachers and librarians can get creative. Come, start weaving today, and help us get a book in every child's hand!